# SCHOOL BASED ASSESSMENT
# GRADE 5
# URDU MODEL PAPER

**Model Paper**

**Total:50 Marks**

School Name: ____________________

Student Name: ____________________ Section: ____________________

Roll Number: ____________________ Date: ____________________

**عمومی ہدایات:**

(۱) غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب دیں۔

(۲) ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: کیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ (c) ڈینگی (d) کانگو

(۳) اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| **کل وقت: 1 گھنٹہ** | **اردو کثیر الانتخابی سوالات** | **کل نمبر: 50** |

**ہدایات:** اس میں پچیس (25) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے دو (2) نمبر ہیں۔

**سوال نمبر 1۔** فعل ماضی کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) کام ختم ہو چکا تھا۔
(b) کام ختم ہو رہا ہے۔
(c) کام ختم ہو جاتا ہے۔
(d) کام ختم ہو جائے گا۔

**سوال نمبر 2۔** ''امتحان کب ہوں گے؟'' فعل حال کے مطابق یہ جملہ ہوگا:

(a) امتحان کب ہوئے تھے؟
(b) امتحان کب ہوتے ہیں؟
(c) امتحان کب ہوئے ہوں گے؟
(d) امتحان کب ہو رہے تھے؟

**سوال نمبر 3۔** خالی جگہ پر کرنے کے لیے درست جواب کی نشان دہی کریں: ''کتاب ہماری بہترین۔۔۔۔ہے۔''

(a) ہم جماعت (b) شاگرد (c) دوست (d) خدمت گار

**سوال نمبر 4۔** حروفِ تہجی کے لحاظ سے الفاظ کی درست ترتیب ہے:

(a) مشکل، آسان، پیچیدہ (b) پیچیدہ، مشکل، آسان (c) پیچیدہ، آسان، مشکل (d) آسان، پیچیدہ، مشکل

سوال نمبر 5۔ ''اٹھانا''فعل سے بننے والا فاعل ہے:

(a) اُٹھتا ہوا (b) اُٹھایا ہوا (c) اُٹھانے والا (d) اُٹھنے والا

سوال نمبر 6۔ ''کھیلنا'' مصدر سے بننے والا فعل ماضی کا جملہ ہے:

(a) تم کھیلتے ہو۔ (b) تم کھیلو۔ (c) تم کھیلو گے۔ (d) تم کھیلے۔

سوال نمبر 7۔ ''کُھلنا'' کا معنی ہے کُھل جانا جب کہ ''کِھلنا'' کا معنی ہے: ۲اور

(a) پھول بننا (b) شروع ہونا

(c) پیلا ہونا (d) چھڑک دینا

سوال نمبر 8۔ حروفِ تہجی کے لحاظ سے الفاظ کی درست ترتیب ہے:

(a) ملائم،کھیتی،کردار (b) نازک،زرد،جڑ

(c) کلام،گھوڑا،لگام (d) نوکر،کھاتہ،نالائق

سوال نمبر 9۔ ''سلانا''فعل سے بننے والا فاعل ہے:

(a) سلانے والا (b) سونے والا

(c) سلایا ہوا (d) سلایا گیا

سوال نمبر 10۔ ''چہچہانا'' مصدر سے بننے والا فعل مستقبل کا جملہ ہے:

(a) باغ میں پرندے چہچہاتے ہیں۔ (b) باغ میں پرندے چہچہا رہے تھے۔

(c) باغ میں پرندے چہچہاتے تھے۔ (d) باغ میں پرندے چہچہائیں گے۔

سوال نمبر 11۔ ''دَھول'' کا معنی ہے تھپڑ جب کہ '' دُھول'' کا معنی ہے:

(a) غبار (b) ڈھول

(c) آواز (d) شور

سوال نمبر 12 حروفِ تاسف کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) افسوس!تم نے بھی ساتھ نہ دیا۔ (b) مرحبا!بڑا نیک کام کیا ہے آپ نے۔

(c) آہا جی!ہم جیت گئے۔ (d) اجی!ذرا میری مدد تو کیجیے گا۔

سوال نمبر 13۔ ندائیہ کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) سبحان اللہ! کیا اچھا شعر ہے۔ (b) افسوس!وہ جوانی میں چل بسا۔ (c) ارے بیٹے!اب مان بھی جاؤ۔ (d) جاؤ! آئندہ یہاں نہ آنا۔

سوال نمبر **14** ۔ دُم جانور کی پونچھ کو کہتے ہیں جب کہ دَم کا معنی ہے:

(a) اچانک (b) دوسرا (c) قیمت (d) سانس

سوال نمبر **15**۔ حروفِ تحسین کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ارے! ذرا میری بات سنو۔ (b) سنیے! کیا کہہ رہا ہوں میں۔

(c) ابے! تمیز سے بات کرو۔ (d) شاباش! بہت اچھا کھیلے ہو۔

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر **19,18,17,16** اور **20** کے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو سیب، کینو، کیلا، ناشپاتی، ناریل، خربوزہ، تربوز، خوبانی اور آلو بخارا جیسے بے شمار پھلوں سے نوازا ہے۔ ان تمام پھلوں میں آم کو سب سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔ اسے پھلوں کا بادشاہ بھی کہا جاتا ہے۔ صوبہ سندھ کے ساتھ ساتھ پنجاب کے گرم علاقوں میں اس کی پیداوار بہت زیادہ ہے۔ آم کی بہت سی اقسام ہیں۔ دیسی، سندھڑی، لنگڑا، چونسا اور دوسہری وغیرہ شکل وصورت اور جسامت میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ آم کی یہ قسمیں اپنا اپنا ذائقہ اور تاثیر رکھتی ہیں۔ آم کھانے کے بھی بے شمار انداز ہیں۔ کوئی اسے نرم کر کے چوستا ہے، کوئی کاٹ کر کھاتا ہے اور کوئی اسے چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے چمچ اور کانٹے کی مدد سے کھانا پسند کرتا ہے۔ اگرچہ بیج اور گٹھلی نہ ہونے کی وجہ سے کیلے کا ملک شیک آسانی سے بن جاتا ہے لیکن گرمی کی شدّت میں آم کا ملک شیک اپنا ہی مزہ رکھتا ہے۔

سوال نمبر **16**۔ پھلوں کا بادشاہ کہلاتا ہے:

(a) خربوزہ (b) کیلا (c) سیب (d) آم

سوال نمبر **17**۔ کس پھل کا گودا کھایا جاتا اور پانی پیا جاتا ہے؟

(a) سیب (b) امرود (c) ناریل (d) ناشپاتی

سوال نمبر **18**۔ عبارت میں سب سے زیادہ کس پھل پر بحث کی گئی ہے؟

(a) تربوز (b) آم (c) کینو (d) خربوزہ

سوال نمبر **19**۔ کون سا پھل ہے، جس میں بیج یا گٹھلی نہیں ہوتی؟

(a) کیلا (b) ناشپاتی (c) آلو بخارا (d) سیب

سوال نمبر **20**۔ عبارت کے مطابق گرمی کی شدت میں------------------------ اپنا ہی مزہ رکھتا ہے:

(a) خربوزے کا ملک شیک (b) سیب کا ملک شیک (c) کیلے کا ملک شیک (d) آم کا ملک شیک

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر **24,23,22,21** اور **25** کے درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

میرا نام احمد ہے۔ میرا گاؤں ایک مثالی گاؤں ہے جہاں جدید اور قدیم طرزِ زندگی کی تمام سہولتیں حاصل ہیں۔ میرا گاؤں دیہاتی زندگی کی بھر پور جھلک پیش کرتا ہے۔ میں پانچویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ میرا گھر سکول سے زیادہ دور نہیں ہے۔ گھر میں میرے امّی، ابّو، دادا، دادی، چچا، چچی سب ایک ساتھ مل کر رہتے ہیں۔ ہم لوگ صبح سویرے اٹھ جاتے ہیں۔ اگر چہ میرے دادا کی عمر گھر کے تمام افراد سے زیادہ ہے پھر بھی وہ ہم سب کے ساتھ فجر کی نماز با جماعت ادا کرنے کے لیے مسجد جاتے ہیں۔ تمام خواتین گھر پر نماز ادا کرتی ہیں۔ پھر سب اکٹھے بیٹھ کر ناشتہ کرتے ہیں۔

سوال نمبر **21** ۔ احمد رہائشی ہے:

(a) شہر کا (b) گاؤں کا (c) وادی کا (d) قصبے کا

سوال نمبر **22**۔ عبارت کے مطابق جدید اور قدیم طرزِ زندگی کی تمام سہولتوں سے گاؤں بنتا ہے:

(a) ترقی یافتہ (b) شاندار (c) مثالی (d) ماڈرن

سوال نمبر **23**۔ عبارت کے مطابق احمد کا گاؤں دیہاتی زندگی کی بھر پور پیش کرتا ہے:

(a) ثقافت (b) تصویر (c) فضا (d) جھلک

سوال نمبر **24**۔ گھر کے افراد میں سب سے زیادہ عمر ہے:

(a) دادا کی (b) امّی کی (c) ابّو کی (d) چچا کی

سوال نمبر **25**۔ افرادِ خانہ نمازِ فجر کے بعد کیا کرتے ہیں؟

(a) صفائی ستھرائی (b) سکول کی تیاری (c) ناشتہ (d) آرام